SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

April 21, 2021

## ایس ای سی پی نے کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز کے اجراء پر گائیڈ نوٹ جاری کر دیا

اسلام آباد (اپریل 21) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کیپٹل مارکیٹ میں سرمائے کی تشکیل کو فروغ دینے اور سرمایہ کاروں سے کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع اور طریق کار سے متعلق آگہی دینے کے لئے ڈیبٹ سیکورٹیز کے اجراء اور سرمایہ کاری کے طریق کار پر مبنی گائیڈ نوٹ جاری کیا ہے۔ یہ گائیڈ نوٹ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز فنانشل سیکٹر کا ایک ہائبرڈ انسٹرمنٹ ہے جس میں ڈیبٹ اور سیکورٹیز، دونوں کے فوائد موجود ہوتے ہیں۔ کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز سے شروع میں سیکورٹی سے انٹرسٹ کی مد میں فکسڈ انکم حاصل کی جاتی ہے اور کچھ مدت کے بعد اسے ایکوٹی حصص میں تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ ڈیبٹ سیکورٹیز کو انسٹرومنٹ کی کل مدت کے دوران مختلف متعین اوقات میں سرمایہ کار کی خواہش پر حصص میں تبدیل کروایا جا سکتا ہے۔ تاہم، کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز میں حصص میں تبدیل کرنے کی سہولت کی وجہ سے عموماً فکسڈ انکم کے روایتی انسٹرومنٹ کے مقابلے میں کم منافع حاصل ہوتا ہے تاہم انسٹرومنٹ کو حصص میں تبدیل کر کے رسک کے ساتھ ساتھ منافع بڑھایا جا سکتا ہے۔

دنیا بھر میں کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے کیونکہ اس کا اجراء کم قیمت ہوتا ہے اور سرمایہ کار حالات کے مطابق اپنی سرمایہ کاری کو ایڈجسٹ کر سکتا ہے۔ سال 2020 کے پہلے چھ ماہ میں دنیا بھر میں 92 ارب ڈالر کے کنورٹ ایبل سیکورٹیز جاری کی گئیں تاہم پاکستان میں ابھی تک پبلک لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے کنورٹ ایبل سیکورٹیز کا اجراء نہیں کیا گیا۔ صرف بنکوں کی جانب سے ہی کنورٹ ایبل ڈیبٹ سیکورٹیز جاری ہوئیں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری اس گائیڈ نوٹ کا مقصد لسٹڈ کمپنیوں کو کنورٹ ایبل سیکورٹیز کے آسان اجراء بارے آگہی فراہم کرنا اور سرمایہ کاروں کو اس کے فوائد سے آگاہ کرنا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005